آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ **نوائے احمدپور شرقیہ** بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر — ٹیلیفون نمبر: 062-2508053 موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان — مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

جلد نمبر 19 | بروز ہفتہ 08 نومبر 2025ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 220

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

پاکستان اور افغانستان کے درمیان استنبول میں ہونیوالے مذاکرات میں ڈیڈ لاک

پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے کہ افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر قابو پانے کی ذمہ داری افغانستان پر عائد ہوتی ہے تاہم پاکستان نے مذاکرات میں ثالثی پر ترکیے اور قطر کا شکریہ ادا کیا ہے

افغان طالبان دوحہ امن معاہدے کے مطابق اپنے بین الاقوامی، علاقائی اور دوطرفہ وعدوں کی تکمیل میں اب تک ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ وہ

افغان عوام کے لیے خیر سگالی کا جذبہ رکھتا ہے اور ان کے لیے ایک پرامن مستقبل کا خواہش مند ہے' وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور افغانستان کے درمیان استنبول میں ہونے والے مذاکرات میں ڈیڈلاک ہوگیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے کہ افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر قابو پانے کی ذمہ داری افغانستان پر عائد ہوتی ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ افغان بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سرکاری دورے پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو روانہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم سرکاری دورے پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

متحدہ عرب امارات میں ڈپلومیٹک اور پروفیشنل پاسپورٹ پر ویزہ فری انٹری کا معاہدہ ہوا ہے

وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں ڈپلومیٹک اور پروفیشنل پاسپورٹ پر ویزہ فری انٹری کا معاہدہ ہوا ہے، کچھ اضلاع میں سے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے وہاں سے ویزہ کی فراہمی پر سختی ہے، اس میں نرمی کے لئے کوشاں ہیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عامر بشیر کی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کی کارکردگی کی سہ ماہی رپورٹ

ضلع بہاولپور کے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتالوں کی کارکردگی میں شاندار اضافہ' اعداد و شمار مریضوں کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور ہسپتالوں میں خدمات کی بہتری کی واضح عکاسی کرتے ہیں

بہاولپور (پ ر) ڈاکٹر عامر بشیر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بہاولپور نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتالوں کی کارکردگی کی سہ ماہی رپورٹ جاری کی، جس میں اگست تا اکتوبر 2025 کے دوران صحت کی کلیدی خدمات کی فراہمی میں غیر معمولی پیش رفت بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان میں ہر بچے کو 13 بیماریوں کی ویکسین لگائی جاتی ہے

3 لاکھ 97 ہزار بچوں کو ایک بھی ویکسین نہیں لگی، وفاقی وزیر سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہر بچے کو 13 بیماریوں کی ویکسین لگائی جاتی ہے 3 لاکھ 97 ہزار بچوں کو ایک بھی ویکسین نہیں لگی جبکہ 4 لاکھ 63 ہزار بچوں کو 13 میں سے کچھ ویکسین لگی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیڈرل ڈائیکوریٹ آف امیونائزیشن میں 118 موبائل وین کی ویکسی نیشن مہم کیلئے صوبوں کو بھجوانے کی تقریب سے خطاب کرتے بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آرٹیکل 243 میں ترمیم کے حوالے سے پیپلز پارٹی حمایت کریگی بلاول بھٹو

این ایف سی کے تحت صوبوں کے فنڈز بڑھ سکتے ہیں کم نہیں ہوسکتے، میثاق جمہوریت کے نامکمل ایجنڈا پر بات ہونی چاہیے' چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آرٹیکل 243 میں ترمیم کے حوالے سے پیپلز پارٹی حمایت کرے گی، آئینی عدالتیں بنی چاہئیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آر ایل این جی کے کنکشن ملک بھر میں لگائے جا رہے ہیں

بل سوئی گیس کے مقابلہ میں زیادہ ہوگا، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ملک بھر میں آر ایل این جی کے کنکشن وزیراعظم کی ہدایت پر لگائے جا رہے ہیں تاہم صارفین یہ بات مدنظر رکھیں کہ اس کا بل سوئی گیس کے بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

27 ویں ترمیم کا مسودہ تیار' حکومت کا NFC ایوارڈ نہ چھیڑنے کا عندیہ

حکومتی ذرائع کا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم کے مسودہ کو حتمی شکل دینے سے پہلے حکومت پیپلز پارٹی کے جواب کی منتظر ہے، پیپلز پارٹی کے گرین سگنل کے بعد 27 ویں آئینی ترمیم کے مسودہ کو حتمی شکل دی جائے گی

ذرائع نے بتایا کہ 27 ویں آئینی ترمیم کا مسودہ پارلیمنٹ میں پیش کرنے سے متعلق وفاقی کابینہ اس کی منظوری دے گی، پیپلز پارٹی کی تجاویز کو بھی حتمی مسودہ میں شامل کیا جائے گا، ہفتہ کو سینیٹ اجلاس رکھنا پیشگی تیاریوں کا حصہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کے اعتراض کے بعد حکومت نے 27 ویں ترمیم میں این ایف سی ایوارڈ کو نہ چھیڑنے کا عندیہ دے دیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزارت قانون نے 27 ویں آئینی ترمیم کا ابتدائی مسودہ تیار کر لیا، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت قانون بیرسٹر عقیل اور سیکرٹری قانون پر مشتمل ٹیم نے مسودہ تیار کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئینی ترمیم کے بیشتر نکات پر اتفاق رائے ہو چکا ہے، ایک، دو نکات پر سیاسی جماعتوں میں مشاورت جاری ہے حکومت نے پیپلز پارٹی کو 27 ویں ترمیم میں این ایف سی ایوارڈ کو نہ چھیڑنے کا عندیہ دے دیا ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز جلد ہوجائے گا

وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان پاور شیئرنگ پر بڑا بریک تھرو

مسلم لیگ ن نے پیپلز پارٹی کے 30 ارکان اسمبلی وٹکٹ ہولڈرز کے انتخابی حلقوں میں ترقیاتی فنڈز جاری کرنے کی ایک بار پھر حامی بھرلی

ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹیوں میں پی پی کے ایم پی ایز اور ٹکٹ ہولڈرز کو شامل کیے جانے کا امکان ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت اور پیپلز پارٹی کے مابین پاور شیئرنگ کے حوالے سے بڑا بریک تھرو سامنے آیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان پاور شیئرنگ کے معاملات طے پاگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلم بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنشنرز کی سہولت کیلئے وزارتوں اور اداروں میں خصوصی پنشن سیل قائم کئے گئے ہیں، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پنشنرز کی سہولت کیلئے وزارتوں اور اداروں میں خصوصی پنشن سیل قائم کئے گئے ہیں۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران سینیٹرز بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کھوکھر خاندان کے کسی فرد کا تحریک لبیک پاکستان (TLP) سے کوئی سیاسی تعلق نہیں

ہم خالصتاً کاروباری لوگ ہیں، ہمارا سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں رہا اور نہ ہی آئندہ ہوگا محمد یونس کھوکھر، محمد یوسف کھوکھر، فیاض احمد کھوکھر اور فیضان فیاض کھوکھر

کھوکھر برادران 41 ڈی این بی کا تحریک لبیک پاکستان سے لاتعلقی کا اعلان پریس کانفرنس کرتے ہوئے۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ کے نواحی علاقہ 41 ڈی این بی یزمان کے معروف سماجی و کاروباری خاندان کھوکھر برادران، محمد یونس بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نوابشاہ: پیر کو عام تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

نوابشاہ (سی ایم لنکس) نوابشاہ میں پیر کو عام تعطیل کا اعلان کردیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جسٹس (ر) علی اکبر قریشی دوبارہ چیئرمین جوڈیشل واٹر کمیشن مقرر

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق کیس کی سماعت کی

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے جسٹس ریٹائرڈ علی اکبر قریشی کو دوبارہ چیئرمین جوڈیشل واٹر کمیشن مقرر کر دیا، عدالت نے تمام محکموں کو چیئرمین جوڈیشل واٹر کمیشن کی معاونت کے احکامات جاری کر دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق کیس کی سماعت بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

26 ویں ترمیم کی طرح 27 ویں ترمیم کا بھی پتہ نہیں لگ رہا کہ اس میں کیا ہے: حافظ نعیم الرحمن

عدالتی نظام میں پیوندکاری کے بجائے اسے تبدیل کیا جائے،

مردان (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ 26 ویں ترمیم کی طرح 27 ویں ترمیم کا بھی پتہ نہیں لگ رہا کہ اس میں کیا ہے۔ مردان میں وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کا مولانا فضل الرحمن کے پاس ایک اور حکومت کے پاس دوسرا مسودہ تھا۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھانہ دھوڑ کوٹ کے قریب پولیس مقابلہ، فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک، ساتھی فرار

پولیس کی جوابی کارروائی میں سینے پر گولی لگنے سے موقع پر ہلاک

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) تھانہ دھوڑ کوٹ کے قریب پولیس مقابلہ، فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک، ساتھی فرار پولیس کی جوابی کارروائی میں سینے پر گولی لگنے سے موقع پر ہلاک۔ تفصیل کے مطابق اوچ شریف کے نواحی بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چاہتے ہیں پاک افغان مذاکرات میں چیزیں زبانی کلامی نہ ہوں بلکہ تحریری معاہدہ ہو، وزیر دفاع

پاک افغان مذاکرات کے لیے ہمیں کسی کی ہدایت کی ضرورت نہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ہم چاہتے ہیں پاک افغان مذاکرات میں چیزیں زبانی کلامی نہ ہوں بلکہ تحریری معاہدہ ہو۔ میڈیا سے گفتگو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ اگر دراندازی ہوگی تو پھر قطر بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو بانی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں: ایمل ولی

کے پی پچھلے 12 سال سے کمپرومائزڈ صورت حال سے گزر رہا ہے

پشاور (سی ایم لنکس) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے صدر ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ کو بانیء پی ٹی آئی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کی گورننس پر دیے گئے بیان میں کہا ہے کہ کے پی پچھلے 12 سال سے کمپرومائزڈ صورت حال سے گزر رہا ہے۔ ایمل ولی کا کہنا ہے کہ صوبے میں بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ میں مجوزہ 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف آئینی درخواست دائر

درخواست سینئر وکیل بیرسٹر علی طاہر کی جانب سے دائر کی گئی ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ میں مجوزہ ستائیسویں آئینی ترمیم کے خلاف آئینی درخواست دائر کردی گئی۔ آرٹیکل ایک سو چوراسی تین کے تحت دائر درخواست میں مؤقف اپنایا گیا ہے کہ عدالتی جائزے کے اختیارات کو ختم، معطل یا متوازی نظام سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ درخواست سینئر وکیل بیرسٹر علی طاہر کی جانب بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہری پور میں گوگل کی مصنوعات کی اسمبلی لائن کا قیام خوش آئند ہے،

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا گوگل کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان میں گوگل کی جانب سے دفاتر کے قیام اور سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہری پور میں گوگل کی مصنوعات کی اسمبلی لائن کا قیام خوش آئند ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ گوگل جیسی بین بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سینیٹ میں حکومت نے نیب قانون میں ترمیم کا بل واپس لے لیا

سی ڈی اے ترمیمی بل 2025 اور فیڈرل پراسیکیوشن سروس ترمیمی بل 2025 منظور کرلیا گیا

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نہ ہونے کے معاملے پر پی ٹی آئی کے احتجاج کے باعث ایوان مچھلی منڈی بنا رہا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سینیٹ میں حکومت نے نیب قانون میں ترمیم کا بل واپس لے لیا جبکہ سی ڈی اے ترمیمی بل 2025 اور فیڈرل پراسیکیوشن سروس ترمیمی بل 2025 منظور کرلیا گیا۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نہ ہونے کے معاملے پر پی ٹی آئی کے احتجاج کے باعث ایوان مچھلی منڈی بنا رہا۔ سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ثانیہ عاشق کی سربراہی میں سنٹر فار آٹزم کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

آٹسٹک بچوں کی فلاح اور بحالی کے اہم اور تاریخی فیصلے، مریم نواز سکول اینڈ

ریسورس سنٹر فار آٹزم میں آٹسٹک بچوں کو عالمی معیار کی تعلیم اور تھراپی بالکل مفت

لاہور (نامہ نگار) مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق کی سربراہی میں پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آٹسٹک بچوں کی فلاح اور بحالی کے اہم اور تاریخی فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر مریم نواز سکول اینڈ ریسورس بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیپلز پارٹی 27 ویں آئینی ترمیم پر مک مکا کے چکر میں ہے: اسد قیصر

ستائیسویں آئینی ترمیم پیپلز پارٹی کی سیاست کا سوال ہے،

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی 27 ویں آئینی ترمیم پر مک مکا کے چکر میں ہے۔ ہائی کورٹ میں مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے حوالے سے درخواست دائر کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت کامران جبار کا فرٹیلائزر مارکیٹ کا دورہ

جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت کامران جبار کا فرٹیلائزر مارکیٹ کا دورہ، انہوں نے اس موقع پر کھاد ڈیلروں کے اسٹاک رجسٹر چیک کئے کھاد نے نرخوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے علاوہ دوکانوں سے ڈی اے پی سمیت فاسفورسی کھادیں کے نمونہ جات لے کر چیکنگ کے لئے بہاول پور لیبارٹری روانہ کردیئے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جعلی کھا بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سید ذیشان حیدر بخاری ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کی احمد پور شرقیہ بار آمد

جہاں انہوں نے دور ٹو دور وکلا کے چیمبر جا کر ان کا شکریہ ادا کیا' جس پر بار کے سابق صدر ماہر قانون دان مہر مشتاق احمد خان ایڈووکیٹ

سید یاسر بخاری ایڈووکیٹ نے انہیں ممبر پنجاب بار کونسل منتخب ہونے پر پھولوں کی مالا پہنا کر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

احمد پور شرقیہ (جمشید اقبال بھٹی سے) نومنتخب ممبر پنجاب بار کونسل بہاولپور سیٹ ماہر قانون دان سید ذیشان حیدر بخاری ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کی احمد پور شرقیہ بار آمد جہاں انہوں نے دور ٹو دور وکلا کے چیمبر جا کر ان کا شکریہ ادا کیا جس پر بار کے سابق صدر ماہر قانون دان مہر مشتاق احمد خان ایڈووکیٹ اور سید یاسر بخاری ایڈووکیٹ نے انہیں ممبر پنجاب بار بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قیام امن کیلئے ممبران ضلعی امن کمیٹی اپنا فعال کردار ادا کریں' قرۃ العین

کسی بھی ناخوشگوار واقع کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

سمہ سٹہ (نامہ نگار) قیام امن کیلئے ممبران ضلعی امن کمیٹی اپنا فعال کردار ادا کریں کسی بھی ناخوشگوار واقع کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر قرۃ العین نے بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب میں آگ سے جنگلات راکھ، تین سال میں 6 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پنجاب میں آگ لگنے کے واقعات سے جنگلات راکھ بنتے جا رہے ہیں، تین سال میں 6 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع بہاولپور سابق ایم پی اے شاہ رخ ملک ایڈووکیٹ نے

پارٹی کی تشکیل نوکر کے عہدے داران کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

صدر کیلئے سجاد احمد ولد ملک اللہ بخش مسن سینئر نائب صدر غلام رسول کھنڈ نائب صدر احسان الحق بھٹہ نائب صدر اعجاز خان بلوچ

نائب صدر عرفان عباسی جنرل سیکریٹری رانا مظفر علی و دیگر کو منتخب کیا گیا

سمہ سٹہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل بہاولپور کے عہدے داران کی کارکردگی کی بنا پر صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع بہاولپور سابق ایم پی اے شاہ رخ ملک ایڈووکیٹ نے پارٹی کی تشکیل نوکر کے عہدے داران کا نوٹیفکیشن جاری کردیا صدر کے لئے سجاد احمد ولد ملک اللہ بخش مسن سینئر نائب صدر غلام رسول کھنڈ نائب صدر احسان الحق بھٹہ نائب صدر اعجاز خان بلوچ نائب صدر بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صنف نازک ہوں مگر لکیر کی فقیر نہیں

تحریر: کہکشاں ابرار

مجھے وہ طرفہ لمحہ آج بھی یاد ہے جب میں نے اپنی ماں کو اپنے لئے ڈٹ کر کھڑے ہوتے دیکھا۔ کوئی بڑا اجتماع نہ تھا وہاں تالیاں تھیں نہ چراغاں، بس مردوں سے بھری ایک نشست تھی جس میں صنفی امتیاز کی کارفرمائی تھی اور میری ماں نے نظرانداز ہونے کو قبول کر لینے کے بجائے اسے جوتے کی نوک پر رکھا۔ میں نو دس برس کی تھی، دروازے کی اوٹ سے جھانک رہی تھی الفاظ پوری طرح سمجھ نہ آ سکے مگر کیا عجب ہوا کہ اس لمحے کی تاثیر میرے دل میں اتر گئی اور اتری بھی ایسے کہ میرے اندر سب کچھ بدل گیا۔ جب شعور کی عمر کو پہنچی تو میں نے دیکھا کہ روزمرہ زندگی میں مزاحمت کیسی ہوتی ہے اور ایک عورت کی خاموش قوت ایک سرکش پہاڑی نالے کی مانند کیسے اپنا راستہ بناتی ہے۔ صنف نازک کی اس خوبی کا پتہ ہمیں پرانی کہاوتوں میں بھی ملتا ہے جیسے کہا گیا ہے کہ۔۔۔ بلی دا جھپٹ، تے عورت دا ہٹھ) یعنی بلی کی تیز جھپٹ اور عورت کی ضد اور حوصلہ اپنی مثال نہیں رکھتے (۔۔۔ ایک دوسری کہاوت میں بتایا گیا۔۔۔ بال ہٹھ، راج ہٹھ اتے تریمت ہٹھ) مطلب یہ کہ بچہ اپنی ضد منوا کے رہتا ہے، اسی طرح بادشاہ بھی اپنی ضد پوری کر کے ہی بیٹھتا ہے اور ان دونوں کی طرح عورت بھی اپنی ضد پر آجائے تو وہ اسے پورا کر کے ہی دم لیتی ہے (گویا عورت کے عزم و حوصلے کو صدیوں سے تسلیم کیا جا چکا ہے۔ میری پیدائش اور پرورش ایک ایسی ہی کہانی میں ہوئی جسے قربانی، جدوجہد، اور خاموش جرات نے تراشا، میری ماں جیسی خواتین نے خاموشی کے بجائے وقار اور سیلف ریسپیکٹ کو اپنایا۔ ایک بھوری رنگت والی مسلمان لڑکی کے طور پر ایسے ملک میں پلنا جہاں صنف کی بنیاد پر تقدیر رقم کی جاتی ہو۔ سرحدیں بننے سے پہلے بھی ہمارے بزرگوں نے جبر جھیلا۔ میرے خاندان کی عورتیں مدتوں ایک ایسے جہان میں زندہ رہیں جہاں ان کی شرکت سے زیادہ ان کے صبر کی قدر کی جاتی تھی۔ مگر میں یہاں وہی پرانی کہانی دوہرانے نہیں آئی۔ مجھے اسے از سر نو اپنے ڈھب اور اپنی ماں کے سکھائے ہوئے انداز میں لکھنا ہے۔ میں صرف اپنے معاشرے کی پیداوار نہیں، میں اس کا آئینہ بھی ہوں اور اس کی آواز بھی۔ میں اس کے دکھ، اس کی قوت اور اس کو تبدیل کرنے کی صلاحیت کو ساتھ لے کر چلی ہوں۔ ایمان، جنس اور جغرافیہ کے سنگم پر جس نے مجھے سکھایا کہ عورتوں کو کتنی بار بقا اور خودی میں سے ایک کا انتخاب کرنا پڑتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ ان کی محنت بے اجرت رہتی ہے، ان کی امنگوں کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہوتی، ان کے درد کو چنداں اہمیت نہیں ملتی۔ ایسا سب کچھ ہونے کے باوجود ان کے قدم جمے رہتے ہیں، وہ ٹھہرتی ہیں، بہت کچھ بناتی ہیں، سنبھالتی ہیں، رہنمائی کرتی ہیں اور اکثر چپ چاپ مگر ہمیشہ دلیر اور بردبار۔ یہ تجربات اور حقائق میرے لئے محض اعداد و شمار نہیں بلکہ پہچانی ہوئی صورتیں ہیں۔ وہ لڑکی جو صرف اس لئے سکول چھوڑ گئی کہ سواری میسر نہ تھی، وہ عورت جو دو دو نوکریاں کرتی ہے اور گھر پہنچ کر گھر گرہستی کی ذمہ داری بھی بنا کسی معاوضے کے نبھاتی ہے۔ وہ بیوہ خالہ جان جو پڑھنا لکھنا نہ سیکھ سکیں مگر وہ اپنی بیٹیوں کو ہنرمند بنا گئیں، ایسے ہی واقعات میرے تبدیلی کے تصور کو ایندھن مہیا کرتے ہیں۔ میں نے "ویز آف ویمن" کی بنیاد رکھی، ایک غیر منافع بخش ادارہ جو عورتوں کی زندگی کے ہر مرحلے پر ان کا ہاتھ تھامتا ہے۔ ہم صرف جذباتی اور معاشی بوجھ ہی نہیں اٹھاتے بلکہ ان رکاوٹوں پر بھی توجہ دیتے ہیں جو نظر سے اوجھل رہتی ہیں، جیسے ماہواری) پیریڈز (اور ان سے پیدا ہونے والے صحت کے مسائل جن کو ہمیشہ نظر انداز کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ غربت کی وجہ سے ان گنت بچیاں حیض کے دنوں میں پیڈز استعمال نہیں کرسکتیں کیونکہ وہ انہیں خریدنے کی استطاعت ہی نہیں رکھتیں، اس بنا پر وہ طرح طرح کی بیماریوں کا شکار ہو جاتی ہیں مگر اس طرف کبھی کم ہی توجہ دی گئی ہے۔ اب تک ہم پانچ ہزار آئیٹم سے زیادہ حفظان صحت کا سامان عطیہ کر چکے ہیں اور ایک یتیم خانے کی ساٹھ بچیوں کو نئے جوتے اور اسٹیشنری سمیت بنیادی تعلیمی ضروریات کا سامان فراہم کر چکے ہیں۔ یہ مشن خیالی نہیں بلکہ حقیقی ہے اور ذاتی ہے۔ یہ اسی خاموشی میں سانس لیتا ہے جسے کبھی میری ماں نے توڑا تھا یہ ہر اس عورت کی زندگی میں گونجتا اور انقلاب برپا کرتا ہے جسے بیٹھنے کو کہا گیا ہو مگر وہ اٹھ کھڑی ہو، یہی جذبہ مجھے آگے بڑھنے پر کار بند رکھتا ہے چاہے دنیا سننے کو تیار ہو یا نہ ہو۔ میں ایک ایسے مستقبل کا تصور کرتی ہوں جہاں لڑکیوں کو خود کو سمیٹنا سکھایا جائے۔ جہاں عورتیں بورڈ روم، کلاس روم اور کورٹ روم میں اعتماد کے ساتھ داخل ہوں، جہاں ہر عورت اپنے پس منظر سے قطع نظر صرف جینے کے اوزار ہی نہیں بلکہ اپنی کہانی خود تراشنے کی قوت پائے اور کرشمہ کر کے دکھائے۔ یہی وہ مستقبل ہے، جس کی طرف میرا سفر جاری ہے ایک آواز سے آغاز ایک قدم کے ساتھ پیش قدمی اور ایک عورت کے وسیلے سے دنیا تک رسائی میرا مشن ہے۔

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

سکول آف سٹیٹ سائنسز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام پانچویں بین الاقوامی کانفرنس کے اختتامی سیشن کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی ڈین سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم، وائس چانسلر گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور کو سونیئر پیش کررہی ہیں۔

وہاڑی: اسسٹنٹ کمشنر انجم اکرم ون ڈیش کی خلاف ورزی پر شادی ہالز کو جرمانے عائد کررہی ہیں۔

بقیہ نمبر 01

طالبان دوحہ امن معاہدے کے مطابق اپنے بین الاقوامی، علاقائی اور دوطرفہ وعدوں کی تکمیل میں اب تک ناکام رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ وہ افغان عوام کے لیے خیر سگالی کا جذبہ رکھتا ہے اوران کے لیے ایک پرامن مستقبل کا خواہش مند ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان طالبان حکومت کے ایسے اقدامات کی حمایت نہیں کرے گا جو افغان عوام یا پڑوسی مما لک کے مفاد میں نہ ہوں، پاکستان اپنے عوام اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔وزیر اطلاعات عطا تاڑر نے کہا پاکستان نے مذاکرات میں ثالثی پر ترکیے اور قطر کا شکریہ ادا کیا۔یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان استنبول میں مذاکرات کا تیسرا دور شروع ہوا تھا۔مذاکرات میں دہشت گردی کی روک تھام کے لیے مانیٹرنگ میکینزم کے قواعد وضوابط پر گفتگو کا آغاز کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 02

وقفہ سوالات کے دوران شیر افضل مروت کے سوال کے جواب میں بتایا کہ بیرون ملک سفارت خانوں کے کسی طرح کے بقایا جات،کرائے بقایا نہیں ہیں۔وزیر خارجہ کی مسلسل کوششوں کے بعد یواے ای سے ڈپلومیٹک اور پروفیشنل پاسپورٹ پر ویزہ فری انٹری کا معاہدہ ہوا ہے۔یواے ای پہلے ڈپلومیٹک پاسپورٹ کی ویزہ فری انٹری پر رضامندی ہوئی لیکن پاکستان نے رضامندی نہیں دی۔انہوں نے بتایا کہ یواے ای میں کچھ ایسے اضلاع سے خلاف قانون سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے ان اضلاع سے ویزہ کی فراہمی میں سختی ہے، یہاں کے لوگ ڈی پورٹ بھی ہوئے۔ہم کوشاں ہیں کہ ویزہ پالیسی میں نرمی لائی جائے۔اس پر بات چیت جاری ہے اور بڑی محنت کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 03

روانہ ہوگئے۔شہباز شریف آذربائیجان کے یوم فتح کی پانچویں سالگرہ کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو دورے کی دعوت آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے دی تھی۔وزیراعظم شہباز شریف صدر الہام علیوف سے ملاقات بھی کریں گے۔دونوں رہنماؤں کے ملاقات میں دوطرفہ تعلقات سمیت تعاون کے فروغ پر بات چیت ہوگی۔توانائی، دفاع، تعلیم اور علاقائی روابط پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 04

کمیٹی) سی ای سی (کے اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ آئینی ترمیم کے تین پوائنٹس پر سی ای سی اجلاس میں اتفاق ہوا ہے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ آرٹیکل 243 میں ترمیم کے حوالے سے پیپلزپارٹی حمایت کرے گی،آئینی عدالتیں بنی چاہئیں۔ میثاق جمہوریت کے دیگر معاملات کو بھی دیکھنا چاہیے۔چیئرمین بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ پیپلزپارٹی کے گزشتہ منشور میں بھی آئینی عدالت کا ذکر ہے، میثاق جمہوریت میں بھی آئینی عدالت کا ذکر ہے، ہم چاہتے ہیں کہ میثاق جمہوریت کی دیگر باتوں پر بھی آگے بڑھا جائے۔انہوں نے کہا کہ اصولی طور پر پیپلزپارٹی آئینی عدالت کے حق میں ہے، ججوں کے تقرر اور تبادلوں پر حکومت کی تجویز ہے کہ پارلیمانی کمیٹی اس کا فیصلہ کرے، ہماری تجویز ہے کہ جوڈیشل کمیشن میں دونوں متعلقہ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کی مشاورت سے تبادلے کا فیصلہ ہو۔بلاول نے کہا کہ این ایف سی کے تحت صوبوں کے فنڈز بڑھ سکتے ہیں کم نہیں ہوسکتے ، میثاق جمہوریت کے نامکمل ایجنڈا پر بات ہونی چاہیے، دیکھیں گیکہ 27ویں ترمیم کے پراسس میں دیگر شقوں پر اتفاق رائے لائیں۔انہوں نے کہا کہ آئین ہے کہ صدر پاکستان جج کی اجازت اور چیف جسٹس کے مشورے سے جج کا تبادلہ کرسکتا ہے۔دوہری شہریت اور مجسٹریسی نظام پر سی ای سی کوئی فیصلہ نہیں کرسکی، صدر پاکستان کے اختیار پر کوئی اثر نہیں آرہا ہے۔این ایف سی ایوارڈ 18ویں ترمیم سے پہلے دیا گیا تھا، آرٹیکل 243 سے صدر کے اختیارات یا سول سپریمیسی پر اثر نہیں آئے گا، جمہوریت یا سویلین بالادستی کو نقصان ہوتا تو ہم خود مخالفت کرتے۔ان کا کہنا تھا کہ وفاق میں کچھ بیوروکریٹس یا ادارے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے این ایف سی کے پیچھے چھپ رہے ہیں۔اس کیعلاوہ بلاول نے کہا کہ مولانا صاحب جب آنے چاہیں خوش آمدید، یہ ان کا دوسرا گھر ہے۔اس قبل ذرائع کا کہنا تھا کہ پیپلزپارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں ججز تقرری، ٹرانسفر سے متعلق حکومتی تجویز پر پیپلز پارٹی اراکین کی رائے تقسیم رہی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ سی ای سی اراکین نے رائے دی کہ ججز ٹرانسفر کا اختیار حکومت کو نہیں لینا چاہیے، ججز کے تقرر، تبادلے کا اختیار جوڈیشل کمیشن کے پاس رہنا چاہیے۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں سینئر اراکین نے رائے دی کہ عدلیہ کے کمزوری کا نقصان سیاستدانوں کو اٹھانا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 05

مقابلے میں زیادہ ہوگا۔جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران میاں خان بگٹی نے بتایا کہ آرایل این جی کے کنکشن کی منظوری دی گئی ہے،دولاکھ 50ہزار سے زائد درخواستیں پہلے سے جمع ہیں ان کو ترجیح میں رکھیں گے،ان کی تکمیل کے بعد پھر نئی درخواستوں پر کام ہوگا۔وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ آرایل این جی کے کنکشن پورے پاکستان میں لگائے جارہے ہیں،اس کی قیمت سوئی گیس سے زیادہ ہے،صارفین اس کو مدنظر رکھیں،اور سردیوں میں اس کے استعمال میں احتیاط کریں۔

بقیہ نمبر 06

ہوئے کہا۔انہوں نے کہا کہ ملک میں تین لاکھ 97ہزار بچوں کو ویکسین نہیں لگی۔جن بچوں کی۔ویکسی نیشن ہوجاتی ہے وہ 13 بیماریوں سے محفوظ ہوجاتے ہیں،4لاکھ 63ہزار بچوں کو چند بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے ہی لگا سکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام بچوں کو13 مختلف بیماریوں سے بچانے کیلئے ویکسی نیشن مکمل کروانی ہوگی۔اگر لاکھوں بچوں کی۔ویکسی نیشن نہیں ہوگی تو ہسپتال بھرجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ 118 گاڑیاں صوبوں کو بھجوارہے ہیں تاکہ ہربچے کی ویکسی نیشن ممکن بناسکیں،8 لاکھ بچوں کی حالت قابل توجہ ہے ان کو13 میں سے کوئی بیماری بھی لگ سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم ہسپتال بناکر مریضوں کا انتظار کرنے کے بجائے لوگوں کو بیماریوں سے بچائیں۔24 کروڑ لوگوں ہیں، ہرسال65 لاکھ بچے پیدا ہورہے ہیں، ہرگلی کے کونے میں ہسپتال بنالیں،علاج کی ضرورت پھربھی پوری نہیں ہوگی،حفاظتی ٹیکہ جات موبائل وینز کا مقصد ایسے بچوں کے گھروں تک جانا ہے جو ویکسین سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں 1 کروڑ30 لاکھ لوگ بیماریوں سے غربت کے لکیر کینچے چلے گئے، 1 کروڑ 30 لاکھ فیملی غریب نہیں تھے، بیماری کی وجہ سے وہ غریب ہوگئے لوگوں کے گھر فروخت ہوگئے، سامان فروخت ہوگیا۔انہوں نے کہا کہ ویکسین کے لئے1166 نمبر ڈائل کرکے ٹیم کو گھر بلا کر حفاظتی ٹیکے لگوائیں اگر کسی جگہ بچوں کی ویکسی نیشن کیلئے ہماری ٹیم نہیں پہنچ سکی تو والدین ہم سے رابطہ کریں،حکومت اکیلے اس نظام کو بدل نہیں سکتی،والدین اور ہر شہری صحت مند زندگی گزارنے کیلئے سنجیدہ ہوں۔انہوں نے کہا ہم مصیبت اور تکلیف میں مبتلا لوگوں کی مشکلات میں کمی لانے کی کوشش کررہے ہیں اور ہم اپنی استطاعت کے مطابق ایمانداری سے کام کرسکتے ہیں،ہم نے ہسپتالوں میں بیماروں کا انتظار نہیں کرنا،ہم نے شہریوں کو بیمار ہونے سے بچانا ہے۔انہوں نے کہا کہ کہیں 53 اور کہیں 40 گاڑیاں ہیں جبکہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں صرف ایک ایک گاڑی ناکافی ہے۔طے کریں گے کہ کس کو مزید گاڑیاں دینی ہیں۔تقریب میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان کے نمائندگان کو گاڑیوں کی چابیاں دی گئیں جبکہ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کو بھی گاڑی کی چابیاں دی گئیں۔

بقیہ نمبر 07

کو اجاگر کیا گیا۔اعداد وشمار مریضوں کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور ہسپتالوں میں خدمات کی بہتری کی واضح عکاسی کرتے ہیں۔ٹی ایچ کیو ہسپتالوں میں او پی ڈی مریضوں کی تعداد میں 11فیصد اضافہ دیکھا گیا، جبکہ داخل مریضوں میں 16فیصد اضافہ نوٹ کیا گیا۔سرجری کے شعبے میں بھی شاندار ترقی ریکارڈ کی گئی، جس میں کل سرجریز میں 26فیصد اضافہ ہوا۔آرتھوپیڈک سرجریز میں 59 فیصد اضافہ اور سی سیکشن میں 20فیصد اضافہ نوٹ کیا گیا۔زچہ وبچہ کی صحت کے شعبے میں بھی اہم کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں۔نارمل زچگی میں 22فیصد اضافہ دیکھا گیا، اور نوزائیدہ بچوں کی اموات میں 19فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ زچہ وبچہ کی صفر اموات کو ایک بڑی کامیابی قرار دیا گیا ہے۔تشخیصی خدمات کے شعبے میں بھی بہتری دیکھی گئی، جہاں الٹراساؤنڈ کی سہولت میں 34فیصد، ای سی جی میں 32فیصد، لیبارٹری ٹیسٹ میں 18فیصد اور ایکس رے میں 17فیصد اضافہ ہوا۔مزمن بیماریوں کے پروگرامز میں بھی مریضوں کی خدمت میں بہتری آئی، جس میں ہیپاٹائٹس کی اسکریننگ میں 68 فیصد، انسولین حاصل کرنے والے مریضوں میں 29فیصد اضافہ اور ہیپاٹائٹس کی ادویات کی فراہمی میں 15فیصد اضافہ نوٹ کیا گیا۔ڈاکٹر عامر بشیر، چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بہاولپور نے کہا کہ ہماری ٹیم دن رات محنت کررہی ہے تاکہ ضلع کے عوام کو بہترین صحت کی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔تمام ٹی ایچ کیو ہسپتالوں میں 24 گھنٹے ڈاکٹر موجود ہیں،تمام ادویات مریضوں کو ہسپتال میں مفت فراہم کی جاتی ہیں،اور ہر بڑے اور چھوٹے آپریشن بھی مفت کیے جاتے ہیں۔ہرہسپتال میں تمام ضروری ٹیسٹ کی سہولت موجود ہے تاکہ مریضوں کو باہر جانے کی ضرورت نہ پڑے۔ہرہسپتال اور کلینک میں خدمات کی بہتری ہماری اولین ترجیح ہے اور ہم عوام کے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے ہرممکن قدم اٹھارہے ہیں۔ڈاکٹر عامر بشیر، چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بہاولپور نے اس پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "یہ اعداد وشمار ہماری ٹیموں کی سخت محنت،عزم، اور عوام کو معیاری صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے ہمارے عزم کا ثبوت ہیں۔آئندہ کا عزم ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بہاولپور اپنی خدمات کی مسلسل نگرانی اور بہتری کے لیے پرعزم ہے۔ یہ مثبت رجحان عوام میں حکومتی صحت کے اداروں پر اعتماد کی بحالی کا ثبوت ہے، اور ہسپتال انتظامیہ معیار اور رسائی کو مزید بہتر بنانے کے لیے حکمت عملی پر عمل پیرا رہے گی۔

بقیہ نمبر 08

مسودہ کو حتمی شکل دینے سے پہلے حکومت پیپلز پارٹی کے جواب کی منتظر ہے، پیپلز پارٹی کے گرین سگنل کے بعد 27ویں آئینی ترمیم کے مسودہ کو حتمی شکل دی جائے گی۔ذرائع نے بتایا کہ 27ویں آئینی ترمیم کا مسودہ پارلیمنٹ میں پیش کرنے سے متعلق وفاقی کابینہ اس کی منظوری دے گی، پیپلز پارٹی کی تجاویز کو بھی حتمی مسودہ میں شامل کیا جائے گا، ہفتہ کو سینیٹ اجلاس رکھنا پیشگی تیاریوں کا حصہ ہے۔حکومتی ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی سے معاملات طے ہونے کی صورت میں ہفتہ کو آئینی ترمیم سینیٹ میں پیش کرنے کا آپشن موجود ہے۔

بقیہ نمبر 09

لیگ ن کی صوبائی قیادت نے پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کردیے، جس کے نتیجے میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے درمیان اختلافی امور پر حل نکل آیا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن نے پیپلز پارٹی کے 30ارکان اسمبلی وٹکٹ ہولڈرز کے انتخابی حلقوں میں ترقیاتی فنڈز جاری کرنے کی ایک بار پھر حامی بھرلی ہے۔پنجاب حکومت کے محکمہ قانون میں لاآفیسرز کی بھرتیوں میں بھی پیپلز پارٹی کو شیئر دینے کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹیوں میں پی پی کے ایم پی ایز اور ٹکٹ ہولڈرز کو شامل کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 10

راست پروازوں کا آغاز جلد ہوجائے گا۔دو نجی کمپنیوں کو براہ راست پروازوں کی بنگلہ دیش نے اجازت دے دی ہے۔جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران انجم عقیل خان کے سوال کے جواب میں انہوں نے ایوان کو بتایا کہ بنگلہ دیش ہمارا برادر ملک ہے،حالیہ دنوں میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تعلقات میں نمایاں بہتری آئی ہے،اعلی قیادت کی سطح پر بھی بات چیت اور رابطے ہوئے ہیں،تجارتی تعلقات بھی بہتر ہورہے ہیں، بنگلہ دیش کی جانب سے ایئر سیال اور فلائی جناح کو آپریٹ کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے،برقہ راست پروازیں جلد بحال ہوجائیں گی۔انہوں نے بتایا کہ تجارت پر جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے، بنگلہ دیش کے ساتھ اب رابطہ اور تعلقات میں بہتری سے دونوں اطراف کی چیمبرز کے وفود کے دورے ہوئے، درآمدات اور برآمدات کے حوالے سے بھی جلد معاملات کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 11

کی۔جسٹس شاہد کریم نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ لاہور سے کراچی اور اندرون سندھ جانے والی گاڑیوں کا دھواں لاہور کی فضا کو آلودہ کرتا ہے، جی ٹی روڈ کو کسی صورت نظرانداز نہ کیا جائے۔عدالت نے حکم دیا کہ (ادارہ تحفظ ماحولیات) ای پی اے کا فوکس صرف لاہور پر نہیں ہونا چاہیے،ای پی اے افسران شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر بھی تعینات کئے جائیں،ان کا ڈیوٹی روسٹر عدالت کے ساتھ شیئر کیا جائے، اگلے دو ہفتوں میں لاہور میں کوئی دھواں چھوڑتی گاڑی نظر نہ آئے۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ صرف پرانے آرڈر پر عملدرا? مد ہوگیا ہوتا تو صورتحال مزید بہتر ہوتی۔دوران سماعت واسا نے رپورٹ جمع کرائی کہ ان کے ترقیاتی کاموں کا فیز ون مکمل ہوگیا ہے، سڑکوں کی بحالی کیلئے ایل ڈی اے کو فنڈز ٹرانسفر کئے جاچکے ہیں۔وکیل التمش سعید نے نشاندہی کی کہ اس وقت عدالت میں بھی اے کیو آئی190 سے زائد ہے، عدالت میں بھی ایئر پیوریفائر لگائے جائیں۔جسٹس شاہد کریم نے جسٹس ریٹائرڈ علی اکبر قریشی کو دوبارہ چیئرمین جوڈیشل واٹر کمیشن مقرر کرتے ہوئے تمام محکموں کو کمیشن کی معاونت کا حکم دے دیا، عدالت نے کیس کی سماعت پیر تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 12

شہادت اعوان، علی ظفر اور اعظم سواتی کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنشن جیسے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ فورم سروس ٹربیونل اور وفاقی محتسب ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے، مختلف اداروں میں پنشن سیل بھی قائم کئے گئے ہیں، اے جی پی ا?ر بھی ضابطہ کار کے تحت پنشنرز کے مسائل نمٹاتا ہے۔

بقیہ نمبر 13

کھوکھر، محمد یوسف کھوکھر، فیاض احمد کھوکھر اور فیضان فیاض کھوکھر، نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کا اوران کے خاندان کے کسی فرد کا تحریک لبیک پاکستان (TLP) سے کوئی سیاسی تعلق نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ چند عناصر نے ان کے خاندان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کیا ہے، جسے وہ سختی سے مسترد کرتے ہیں۔کھوکھر برادران نے بتایا کہ ان کے بچے، فہد اور سعد پسران محمد یوسف کھوکھر، وقاص اور فراز پسران محمد یونس کھوکھر، اور فیضان ولد فیاض احمد کھوکھر، تعلیم، کاروبار اور مثبت سماجی سرگرمیوں میں مشغول ہیں اور کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے وابستہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم خالصتا کاروباری لوگ ہیں، ہمارا سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں رہا اور نہ ہی آئندہ ہوگا۔الیکشن میں ووٹ کا استعمال ہمارا بنیادی جمہوری حق ہے، اسے کسی جماعت سے وابستگی نہ سمجھا جائے۔

بقیہ نمبر 14

سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نوابشاہ میں 17 نومبر بروز پیر حضرت سید اصغر علی شاہ المعروف سخی جام داتار کے عرس کے موقع پر ضلع بھر میں عام تعطیل ہوگی۔ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق17 نومبر بروز پیر تمام سرکاری دفاتر، تعلیمی ادارے اور عوامی محکمے بند رہیں گے۔ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام نے عرس کے موقع پر سیکیورٹی، ٹریفک اور صفائی کے خصوصی انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔سخی جام داتار کے سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ سرکاری تقاریب 17 نومبر سے19 نومبر تک جام صاحب شہر میں جاری رہیں گی۔خیال رہے کہ اتوار کی چھٹی ساتھ ہونے کے بعد سٹوڈنٹس اور شہری ایک ساتھ دو چھٹیوں سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔

بقیہ نمبر 15

عدالتی نظام میں پیوندکاری کے بجائے اسے تبدیل کیا جائے، حکومت میں بیٹھے افراد کی غالب اکثریت فارم47 والوں کی ہے۔امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی اب پارٹیوں کے بجائے عوام کے ساتھ اتحاد کرے گی۔

بقیہ نمبر 16

اور ترکی ضامن ہیں۔پاک افغان مذاکرات کے لیے ہمیں کسی کی ہدایت کی ضرورت نہیں۔مذاکرات پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے لیے ضروری ہیں واضح رہے کہ گزشتہ روز چمن سپین بولدک میں سرحد پار سے فائرنگ پر معطل ہونے والے پاک افغان مذاکرات کچھ دیر بعد بحال ہوگئے۔ پاکستان نے افغان رجیم کے بے بنیاد الزامات مسترد کرتے ہوئے جنگ بندی کی سرحد پار سے خلاف ورزی کے ناقابل تردید ثبوت بھی ترک اور قطری ثالثوں کو پیش کردیئے۔ذرائع کے مطابق اس وقت دونوں وفود الگ الگ اپنے مما لک کے متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہیں، افغان سرحد سے جنگ بندی کی خلاف ورزی کے ثبوت ترک اور قطری ثالثوں کے حوالے کردیئے گئے ہیں۔وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق پاک افغان سرحد پر فائر بندی کی خلاف ورزی کی گئی ہے، چمن بارڈر پر افغانستان سے کچھ عناصر نے پاکستانی پوسٹوں پر بلااشتعال فائرنگ کی جس کا سکیورٹی فورسز نے فوری اور موثر ردعمل دیا۔پاکستان،افغانستان کی جانب سے اس واقعے سے متعلق دعوے کو مسترد کرتا ہے، فائرنگ افغانستان کی طرف سے شروع ہوئی جس کا سکیورٹی فورسز نے فوری جواب دیا، پاکستانی فورسز کی ذمہ دارانہ کارروائی سے صورتحال پر قابو پا لیا گیا، پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی بدستور برقرار ہے، پاکستان جاری مذاکرات کیلئے پر عزم ہے،افغان حکام سے باہمی تعاون کی توقع رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 17

علاقے تھانہ دھوڑکوٹ کی حدود میں پولیس اور مسلح افراد کے درمیان رات گئے خوفناک فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک مشتبہ شخص موقع پر ہی ہلاک ہوگیا جبکہ اس کے ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ذرائع کے مطابق تھانہ دھوڑ کوٹ پولیس معمول کے گشت کے دوران ناکہ بندی کیے ہوئے تھی کہ موٹر سائیکل نمبر AMG-2534 پر سوار چند افراد نے اچانک پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی۔پولیس کی جانب سے فوری جوابی کارروائی کی گئی، جس کے دوران ایک حملہ آور کو سینے میں گولی لگی اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ہلاک شخص کی شناخت عمران ولد عبدالعزیز، عمر 28 سال کے نام سے ہوئی ہے۔ریسکیو 1122 کنٹرول روم کو اطلاع ملنے پر جھانگڑا انٹرچینج سے امدادی ٹیم روانہ کی گئی، تاہم ریسکیو اہلکاروں کے مطابق جائے وقوعہ پر پہنچنے تک ہلاک ہونے والے کے وائٹل سائنز ختم ہو چکے تھے۔لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹرا سپتال احمد پور شرقیہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 18

دہشت گردی، بے امنی اور طالبانائزیشن ہے، مگر صوبے کے وزیراعلیٰ کو بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں،صوبے میں حکومت نظر ہی نہیں آرہی۔ان کا کہنا ہے کہ کچھ لوگ عشق قوم والے ہوتے ہیں، ان کو اپنی زمین اور قوم سے عشق ہوتا ہے، کچھ ہوتے ہیں عشق ریاست والے جن کو ریاست اور ریاستی اداروں سے عشق ہوتا ہے۔سینیٹر ایمل ولی خان نے یہ بھی کہا ہے کہ اب ایک نئی نسل آگئی ہے، ان کو بانی پی ٹی آئی سے عشق ہے، ان کو نہ قوم کی پرواہ ہے، نہ ملک کی۔

بقیہ نمبر 19

سے دائر کی گئی ہے۔موَقف اپنایا گیا کہ آرٹیکل ایک سو چوراسی تین اور ایک سو نانوے کے تحت عدالتی جائزے کے اختیارات آئین کا بنیادی ستون ہیں۔عدالتی جائزے کے اختیارات کو ختم، معطل یا متوازی نظام سے تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔درخواست کا مقصد ستائیسویں ترمیم سے پہلے اعلیٰ عدالتوں کے دائرہ اختیار کو محفوظ بنانا ہے۔درخواستگزار کا موَقف ہے کہ ترمیم منظور ہونیکی صورت میں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس آئینی معاملات نہیں سن سکیں گی۔مجوزہ ترمیم سے عدالتی نظام مفلوج اور عدالتیں غیر موثر ہو جائیں گی۔سپریم کورٹ سے استدعا ہے کہ اپنے اور ہائی کورٹس کے دائرہ اختیار کا تحفظ کرے۔ترمیم کے دیگر حصے بعد میں جائزے کیلئے رہ سکتیہیں مگر عدالتی خودمختاری متاثر نہیں ہونی چاہیے۔عدالتی اختیار کا تحفظ عالمی جمہوری اصول ہے۔درخواست میں بین الاقوامی عدالتی مثالیں بھی شامل کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 20

الاقوامی آئی ٹی کمپنیاں پاکستان میں کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی حکومت کی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئی ٹی مصنوعات کی مقامی تیاری سے نہ صرف پاکستانی عوام کیلئے یہ مصنوعات سستی ہوں گی بلکہ ان کی برآمدی صنعت کی ترقی سے زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ روز اول سے پاکستان کو ڈیجیٹل نیشن بنانے کیلئے اقدامات کو اولین ترجیح دی، نوجوانوں کو آئی ٹی شعبے میں بااختیار بنانے کیلئے حکومت ہرممکن اقدامات کررہی ہے، گوگل کی جانب سے پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی کی تربیت کی مفاہمتی یادداشت اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ایک لاکھ باصلاحیت نوجوانوں کو لیپ ٹاپس فراہم کرکے انہیں آئی ٹی شعبے میں ترقی کیلئے وسائل فراہم کررہی ہے، ملک بھر میں نوجوانوں بشمول خواتین کیلئے آئی ٹی شعبے کے تربیتی پروگرام جاری ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ تربیتی پروگرامز سے نوجوانوں کی بین الاقوامی سروس انڈسٹری میں مسابقت میں اضافہ ہورہا ہے اور نوجوان باعزت روزگار میں خود کفیل ہورہے ہیں، پاکستان کو خطے میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا مرکز بنانے کیلئے مزید اقدامات پر کام تیزی سے جاری ہے۔انہوں نے ملک میں آئی ٹی شعبے کی ترقی کیلئے وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 21

افسر سینیٹر منظور کاکڑ کی زیر صدارت ہوا۔وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے نیب قانون میں ترمیم کا بل مزید غور کے لیے واپس لے لیا۔ایوان نے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ترمیمی بل دوہزار پچیس اور فیڈرل پراسیکیوشن سروس ترمیمی بل دوہزار پچیس کی منظوری دے دی۔اجلاس کے دوران سینیٹر اعظم سواتی نے اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کے بغیر ایوان نامکمل ہے۔وزیر قانون نے وضاحت دی کہ اپوزیشن لیڈر کی تقرری چیئرمین سینیٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی کی صوابدید ہے اور چیئرمین کی واپسی پر عمل مکمل ہوگا۔پریزائیڈنگ افسر کی جانب سے سینیٹر فیصل جاوید کی بجائے سینیٹر ایمل ولی کو فلور دینے پر پی ٹی آئی ارکان نے احتجاج کیا۔سینیٹر ایمل ولی اور پی ٹی آئی ارکان کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، ایوان مچھلی منڈی کا منظر پیش کرتا رہا۔اپوزیشن نے کورم کی نشاندہی کی تاہم کارروائی جاری رہی۔سینیٹ کا اجلاس ہفتہ کی صبح ساڑھے گیارہ بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 22

دفروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا ہے۔اور تحصیل بھر سے ڈیلروں کے گودام چیک کرکے نمونہ جات لے کر چیکنگ کریں۔اگر کوئی ڈیلر کسانوں کو دونمبر کھاد فروخت کرتے پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 23

سنٹر فار آٹزم میں آٹزم ٹیچر ٹریننگ اور ریسرچ ریسورس سنٹر قائم کیا جائے گا۔بورڈ اجلاس میں آٹزم سکول میں بچوں کو فری یونیفارم، فری سکول میل کے فیصلے کی توثیق کی گئی۔بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق آٹسٹک معصوم بچوں کی فری تھراپی، فری بکس، فری پک اینڈ ڈراپ اور کھانا دیا جائے گا۔ مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم پاکستان کا پہلا اسٹیٹ آف دی آرٹ سرکاری ادارہ جس میں آٹسٹک بچوں کو عالمی معیار کی تعلیم اور تھراپی اب بالکل مفت دی جائے گی۔اسکول میں پک اینڈ ڈراپ کی سہولت بھی حکومت کی جانب سے بالکل فری دستیاب ہوگی۔اوپن جم، سینڈ تھراپی (SandTherapy)، سینسوری گارڈن (SensoryGarden) اور واکنگ ٹریک کی سہولت بھی فری ہوگی۔بورڈ اجلاس میں مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم میں داخلوں اور سٹاف بھرتی کا عمل فوری شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔بورڈ آف ڈائریکٹرز نے وزیراعلی مریم نواز شریف کے وژن کو خراج تحسین کیا اور مریم نواز اسکول فار آٹزم کے قیام پر اظہار تشکر کیا۔بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اجلاس میں جدید ترین آٹزم اسکول اور عالمی معیار کی سروسز ایک چھت تلے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔پاکستان میں آٹسٹک بچوں کے لئے پہلے سرکاری آٹزم اسکول میں تعلیم اور بحالی کی خدمات بالکل مفت فراہم کرنے کے فیصلے کی توثیق کی گئی۔ایوننگ شفٹ میں سیلف فنانسنگ پر آٹسٹک بچوں کو تھراپی سروسز کی سہولت بھی دی جائے گی۔سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ، سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ اور سیکرٹری ایجوکیشن نے اجلاس میں شرکت کی۔سیکرٹری فنانس اور سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن بھی بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 24

کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا ہے کہ ستائیسویں آئینی ترمیم پیپلز پارٹی کی سیاست کا سوال ہے، پی پی کو اس پیکیج کو مکمل طور پر مسترد کرنا چاہیے، بلاول کے نانا اور والدہ کی جمہوریت کے لیے بہت خدمات ہیں، 73 کا آئین بھٹو صاحب کا بڑا تحفہ تھا۔انہوں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی ذمہ داری ہے کہ آئین کے تحفظ کے لیے کھڑی ہو لیکن مجھے لگ رہا ہے کہ پیپلز پارٹی مک مکا کے چکر میں ہے، پی پی چاہتی ہے کچھ لین دین سے کام چل جائے، اس لیے مجھے اندیشہ ہے وہ دو تین پر ساتھ دے دیں گے اور دو تین مسترد کردیں گے، اگر پیپلز پارٹی اس موقع پر کھڑی ہوگئی تو ان کی پریکٹیکل سیاست میں واپسی کا آغاز ہوگا۔اسد قیصر نے کہا ہے کہ سائلین کے ساتھ عدالتوں کا ایسا رویہ ہوگا، انتظامیہ کے کہنے پر عدلیہ میں ایسے کیسز میں چھیڑ چھاڑ ہوگی، ایسے اقدامات سے عدلیہ کی ساکھ متاثر ہوگی، تین رکنی بنچ کے فیصلے پر عملدرآمد نہ ہونا عدلیہ پر سوالیہ نشان ہے، جب تک ججز خود کھڑے نہیں ہوں گے عدلیہ آزاد نہیں ہوگی، اس وقت ملک میں عملا انصاف ناپید ہو چکا ہے، ججز جب کھڑے ہوں گے تو عوام بھی ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔انہوں نے کہا ہے کہ کے پی ہاؤس پر پولیس کا چھاپا نفرت بڑھانے کے مترادف ہے، آئینی تحفظ والی جگہوں پر ایسی کارروائیاں فیڈریشن کو نقصان پہنچاتی ہیں، میں ایسے رویے کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔سابق سپیکر نے مزید کہا ہے کہ حامد رضا کی جمہوریت اور قانون کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ان پر بننے والے مقدمات کی بھی مذمت کرتا ہوں ،امید کرتا ہوں ان کے کیسز جلد از جلد مقرر ہوں تاکہ انہیں انصاف ملے۔

بقیہ نمبر 25

عرفان عباسی جنرل سیکریٹری رانا مظفر علی زرگر ڈپٹی جنرل سیکریٹری محمد الیاس صابری انفارمیشن سیکرٹری محمد شاہد مسن ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری خواجہ منیر احمد سیکریٹری ریکارڈ محمد حنیف جوئیہ افس سیکریٹری ملک عبید آرائیں جانثار کو منتخب کیا گیا

بقیہ نمبر 26

اپنے آفس میں ممبران ضلعی امن کمیٹی سے دوران گفتگو کیا کچھ عرصہ سے مدنی مسجد خانقاہ شریف کے انتظامی امور میں دوفریقین میں کشیدگی چلی آرہی ہے اس سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ اور ڈی ایس پی صدر بھاولپور کو درخواستیں دی گئیں مگر مسائل حل نہ ہوئے اسسٹنٹ کمشنر تحصیل صدر بھاولپور کے آفس میں اس سلسلہ کے حل کے لیے میٹنگ طلب کی گئی جس میں تحصیلدار صدر بھاولپور چوہدری عبدالحمید وڑائچ پی اے محمد اذہان حلقہ پٹواری صفی اللہ ممبران ضلعی امن کمیٹی افتخار احمد علوی محمد اجمل اویسی محمد خلیل جالندھری میاں اصغر بشیر اکبر آفتاب عاشق حسین ہشیم ا ضیا اللہ نے شرکت کی اسسٹنٹ کمشنر قرۃ العین نے دونوں فریقین سے زبانی وتحریری بیان دینے کے لیے پابند کیا تاکہ صحیح حقائق معلوم ہوسکیں بعد ازاں ممبران آمن کمیٹی سے مشاورت کے بعد میرٹ پر فیصلہ کیا جائے کسی فریق کی حق تلفی نہ ہوسکے

بقیہ نمبر 27

متاثر ہو چکا ہے۔سرکاری ریکارڈ کے مطابق گزشتہ تین سال کے دوران پنجاب میں جنگلات میں آگ لگنے کے 268 واقعات پیش آئے جن میں6117 ایکڑ رقبہ جل کر راکھ بن گیا، ملک بھر میں جنگلات کی آتشزدگی کے 479 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں مجموعی طور پر15497 ایکڑ رقبہ متاثر ہوا، جن میں پنجاب کا حصہ تقریبا40 فیصد رہا۔اعداد و شمار کے مطابق سال2024 جنگلات میں آگ کا بدترین سال ثابت ہوا، پنجاب میں 2023 میں صرف 4 واقعات میں25 ایکڑ رقبہ متاثر ہوا جبکہ2024 میں صورتحال سنگین ہوئی اور165 واقعات میں3363 ایکڑ جنگلات جل گئے اسی طرح2025 میں اب تک 97 واقعات میں2729 ایکڑ رقبہ تباہ ہو چکا ہے۔بلوچستان میں2024 میں 2 واقعات میں590 ایکڑ اور2025 میں14 واقعات میں4629 ایکڑ جنگلات جلے، سندھ میں مجموعی طور پر 5 واقعات میں63 ایکڑ رقبہ متاثر ہوا، خیبر پختونخوا میں2024 میں60 واقعات میں1235 ایکڑ جنگلات راکھ ہوئے جبکہ 2025 میں کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا۔اسلام آباد میں2024 میں17 واقعات میں254 ایکڑ اور2025 میں اب تک 31 واقعات میں82 ایکڑ علاقہ متاثر ہوا۔ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی، غیر قانونی لکڑی کی کٹائی، لاپرواہی اور خشک موسم جنگلاتی آگ میں اضافے کی بڑی وجوہات ہیں، محکمہ جنگلات نے آگ سے بچاؤ کے لئے آگاہی مہمات، ٹیکنالوجی کے استعمال اور فائر لائنز کی بحالی کی سفارش کی ہے۔

بقیہ نمبر 28

کونسل منتخب ہونے پر پھولوں کی مالا پہنا کر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا بعدازاں انہوں نے ممبر پنجاب بار کونسل سید ذیشان حیدر بخاری ودیگر وکلا کو مٹھائی کھلائی

☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ